Dar-Ul-Ifta
Jamia Usmania Peshawar
Khyber Pukhtunkhwa Pakistan

دار الافتاء
جامعہ عثمانیہ پشاور
خیبر پختونخوا، پاکستان

سلسلہ وار نمبر: 21231 فتوی نمبر: 9140/297/321 تاریخ اجراء: 25/06/2022

فقرا اور اغنیا کی مشترکہ قربانی میں عیب کا پیدا ہونا

سوال: سات آدمیوں نے مل کر قربانی کا جانور خریدا، جن میں اغنیااور فقرا(غیر صاحب نصاب) شریک تھے ،اب اس جانور میں ایسا عیب پیدا ہو گیا ہے جو قربانی سے مانع ہے تو ایسی صورت میں یہ سب مل کر نیا جانور خریدیں گے یا صرف اغنیاخریدیں گے اور فقرا اسی جانور کو ذبح کریں گے ؟

الجواب وباللہ التوفیق

واضح رہے کہ جس عیب سے جانور کی کوئی مخصوص منفعت یا خوبصورتی بالکل ختم ہو جائے تو اس عیب کے ہوتے ہوئے قربانی درست نہیں ہوتی اورصاحب نصاب شخص کے لیے اس جانور کی قربانی جائز نہیں اس پر دوسرے صحیح جانور کی قربانی کرنا ضروری ہے اور اگر یہ شخص غریب یعنی صاحب نصاب نہ ہو تو اس کے لیے اس جانور کی قربانی جائز ہے۔

مسئولہ صورت میں اگرسات آدمیوں نے مل کر قربانی کا جانور خریداہو جن میں اغنیا اور فقرا دونوں شریک ہوں اوراب اس جانور میں ایسا عیب پیدا ہو گیا ہوجو قربانی سے مانع ہو تو مالدار شرکا کے لیے اس جانور کی قربانی جائز نہیں ان پر دوسرے صحیح جانور کی قربانی کرنا ضروری ہے اور دوسرے غریب شرکا کے لیے اس جانور کی قربانی جائز ہے تاہم چونکہ یہ جانور فقرا اور اغنیا کے مابین مشترک ہے تو اگر مالدار بھی اس جانور کی قربانی پر راضی ہیں تو غربا کی طرف سے وجوبی اور اغنیا کی طرف سے استحبابی طور پر ادا ہو جائے گی البتہ اگر اغنیا راضی نہ ہوں تو چونکہ مکمل جانور غربا کی ملکیت میں نہیں لہذا اس کو فروخت کرکے اغنیا کے حصوں کے بقدر رقم واپس کر دی جائے اور غربا کے حصوں کو صدقہ کر دیا جائے۔

وفي ظاهر الرواية يتعين للأضحية بالشراء، لأن الشراء من الفقير بنية الأضحية بمنزلة النذر عرفا، وعادة، لأنا لا نجد في العرف فقيرا اشترى شيئا للأضحية إلا ويضحي بها لا محالة فكان بها ملتزما۔(تبیین الحقائق،کتاب الأضحية،ج:6،ص:478)

ثم كل عيب يمنع الأضحية ففي حق الموسر يستوي أن يشتريها كذلك أو يشتريها وهي سليمة فصارت معيبة بذلك العيب لا تجوز على كل حال، وفي حق المعسر تجوز على كل حال، كذا في المحيط.(الفتاوى الهندية،كتاب الأضحية،ج:5،ص:299)

کتبہ : عزیر اقبال | 48
شریک تخصص فی الفقہ الاسلامی
جامعہ عثمانیہ پشاور

الجواب صحیح

الجواب صحیح

Jamia Usmania Peshawar
Usmania Colony, Nothia Raod, Peshawar
Cantt, Khyber Pukhtunkhwa Pakistan

www.usmaniapsh.com
091-5240422

جامعہ عثمانیہ پشاور
عثمانیہ کالونی، نوتھیہ روڈ، پشاور صدر، خیبر پختونخوا، پاکستان